© rasailojaraid.com



درجہ ان کے حالات زندگی شجاعت جہاد فی سبیل اللہ کے سلسلے میں افغانستان' کابل میں سینکڑوں صحابہ کرام کی سنگت میں پنج سالہ قیام مواعظ عمر بن عبدالعزیز کے نام مکاتیب اور انکے بے شمار علمی دینی تبلیغی کارہائے نمایاں تفسیری فوائد و عجائب آپ کیلئے اس زرین تفسیر میں قرۃ العیون کا ذریعہ بنیں گے۔ یہ تفسیر پانچ جلدوں پر مشتمل ہے۔ ابتدائی جلد میں آپکی سیرت وتاریخ کا خوبصورت مرقع ہے' ضرورت اس امر کی ہے کہ کتاب کے اس حصے کو اردو قالب میں ڈھالا جائے تاکہ عام اردوخواں طبقہ کو اسی جلیل القدر امام کی سیرت وسوانح سے آگاہی حاصل ہوجائے۔ طلبہ علوم دینیہ کیلئے رعایتی قیمت صرف سات سو روپے ہے۔ کمپوزنگ اور ٹائٹل مجلد اور دیدہ زیب۔ اس میں شک نہیں کہ یہ تفسیر علوم قرآنیہ میں ایک قابل قدر اور بہترین اضافہ ہے' دورۂ تفسیر پڑھنے اور پڑھانے والوں کے لئے بالخصوص یہ تفسیر ایک بیش قیمت سوغات ہے۔

---

کتاب: حق وباطل کی پہچان (دوجلدیں)　　مصنف: مولانا حافظ ضیاء الدین پیرزادہ

ضخامت: ۱۵۹۲ صفحات

محترم حضرت مولانا حافظ ضیاء الدین پیرزادہ کی زرین' گرانقدر وقیع تصنیف ہے۔ جس میں اسلاف کرام' بالخصوص اکابرین دیوبند کے سرفروشانہ جراتمندانہ حق گوئی وبیباکی اور جان بازی کے نادرہ روزگار ایمان افروز واقعات' خطبات' ملفوظات' ان کی سوانح حیات' دینی ملی خدمات کے علاوہ مذہب اسلام کے سارے شعبوں عقائد و عبادات' معاملات' اخلاقیات' اقتصادیات' جہاد وتبلیغ' زہد وتقویٰ اور فرق باطلہ کے غلط افکار ونظریات کی مدلل تردیدات اور دیگر سینکڑوں متنوع مسائل کو معتمد مصادر سے پوری محنت وعرقریزی کیساتھ منتخب فرما کر بہترین سلیقہ مندی سے گنجینہ جواہرات بنا کر شستہ شگفتہ سلیس ادبی اردو زبان میں افادہ عام کیلئے شائع فرمادیا ہے۔

حق وباطل کی پہچان کی یہ مایہ ناز کتاب دوجلدوں (۱۵۹۲ صفحات) میں بہترین کتابت وطباعت' معیاری کاغذ دیدہ زیب جلد بندی سے آراستہ ہے طلبہ کیلئے رعایتی قیمت۔

اس نادرۂ روزگار علمی شاہکار کتاب سے ہر دارالمطالعہ' کتب خانہ کی زینت افزائی حد درجہ ضروری ہے۔

---

**خط وکتابت کرتے وقت اپنے خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیجئے**

---

© rasailojaraid.com